© rasailojaraid.com

سے The Mothers of Believers کے نام سے شائع ہوا۔ پروفیسر عاصی [آسی] ضیائی نے اِس کا سادہ اور رواں ترجمہ کیا ہے۔

مؤلف سیرت کے وسیع لٹریچر اور بالخصوص مستشرقین کی تحریروں پر نظر رکھتے ہیں، چنانچہ اُن کا حاصلِ مطالعہ قابلِ قدر ہے۔ نبی اکرم ﷺ کے تعدد ازواج کی غایت عمدہ طریقے سے بیان کر دی گئی ہے اور ساتھ ہی منصف مزاجی پر مبنی ایسے متعدد اقتباسات درج کر دیے گئے ہیں جو مستشرقین کی بدلتی ہوئی آراء کا مظہر ہیں۔ مقدمہ نگار علامہ سیّد شبیر بخاری نے مؤلف کو اِس مقالے پر بجا طور پر خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ (ادارہ)

---

## چند کتابچے

### *عیسیٰ علیہ السلام بزبانِ خود (تحریر ڈاکٹر محمد ایوب خان)

ادارہ اشاعت قرآن، ۲۹۴ توسیع کیولری گراونڈ، لاہور کے شائع کردہ کتابچے کا لبِ لباب جناب مؤلف کے الفاظ میں یہ ہے۔

> چار انجیلیں --- عیسیٰ علیہ السلام کے حالات و تقاریر پر لکھی ہوئی تاریخ ہے جو چار شخصوں نے لکھی اور وہ کتابیں اِس زبان میں نہیں لکھی گئیں جو عیسیٰ علیہ السلام بولتے تھے بلکہ بہت بعد میں یونانی زبان میں لکھی گئیں۔ اِس کے باوجود ان میں سچائی موجود ہے اور عیسائیوں کے ابنِ خدا اور کفّارہ وغیرہ کے عقیدوں کا کوئی ذکر نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن نے انجیل کی تصدیق کی یعنی اِس کی سچّی باتوں کو سچ کہا اور غلطیوں کی وجہ سے محرّف بھی کہہ دیا۔

تین روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر یہ پمفلٹ ناشر سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

### * توحید یا تثلیث اور مسئلہ کفّارہ کی حقیقت (تحریر مولانا عبداللطیف مسعود)

### * پاکستان میں مسیحی آبادی (تحریر محمد اسلم رانا)

### *ضرورت ہے مسیحی سوچ میں تبدیلی کی (تحریر محمد اسلم رانا)

اوّل الذکر کتابچہ عالمی مجلس تحفّظ ختم نبوت جامع مسجد خضریٰ ڈسکہ کی پیشکش ہے۔ آخر الذکر دو کتابچے پاکستان کی مسیحی برادری کے حوالے سے لکھے گئے ہیں اور اسلامی مشن۔ سنت نگر لاہور نے شائع کیے ہیں۔



© rasailojaraid.com